مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی

تبصرہ کتب

نام کتاب: اختلاف امت اور فرقہ واریت کا المیہ اور اس کا حل

رشحات فکر: مولانا ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ تعالیٰ

ترتیب: مولانا سعید احمد چنیوٹی حفظہ اللہ تعالیٰ

ناشر: ادارہ ترجمان القرآن والسنہ فیصل آباد

مسلم امت اس وقت جن گروہ بندیوں اور آپس کے مذہبی اختلافات میں مبتلا ہے' اس نے مسلمانوں کی دینی' روحانی' علمی' عملی اور سیاسی صلاحیتوں کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ یہ ان مذہبی اختلافات کا ہی شاخسانہ ہے کہ آج مسلمان انتشار کا شکار ہو کر آپس میں ہی برسر پیکار ہیں اور اغیار کے ہاتھوں پٹ رہے ہیں۔

پیش نگاہ رسالہ جماعت کے عظیم محقق و مصنف مولانا ارشاد الحق اثری صاحب کے ان رشحات فکر کا مجموعہ ہے جو انھوں نے ادارہ ترجمان القرآن والسنہ کے تحت 8 دسمبر 2006ء کو ایک اہم علمی نشست میں ارشاد فرمائے تھے۔ اس مقالے میں انھوں نے **واعتصموا بحبل الله جميعا ولا تفرقوا** کے تحت امت کو فرقہ واریت کے مضر اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے انھیں سیدھی راہ دکھائی ہے اور ان اختلافات کی بنیادی وجوہ سے آگاہ کیا ہے جس کے باعث آج امت مسلمہ کا شیرازہ بکھرا ہوا ہے۔ مختلف مسالک کے آپس میں اختلاف اور محاذ آرائی کو سمجھنے کے لیے یہ رسالہ کلید کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس رسالے کو منگوانے کے لیے احباب درج ذیل پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

''عمر سعید چنیوٹی۔1326 کلیم شہید کالونی نمبر 2 فیصل آباد۔''

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆